اسے کتابی شکل میں منتقل کیا جس سے قارئین آسانی سے استفادے کرسکیں گے۔ سیرت نبی ﷺ کا یہ انمول تحفہ بھی اورزوار اکیڈمی کراچی سے ایک سو پچاس روپے جیسے مناسبت قیمت میں دستیاب ہے۔(م۔ا۔م)

● تحفۃ الاسلام ......مولوی حافظ محمد اکرام الدین

مولوی حافظ محمد اکرام الدین صاحب قدوۃ المفسرین زبدۃ المحدثین جناب حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہ کے شاگردرشید ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب دراصل شاہ عبدالعزیزؒ کی زبان سے نکلے ہوئے جواہراوران کے بیانات سے چنے گئے بے شمار دقائق واسرار کا مجموعہ ہے یہ رسالہ ۱۲۴۲ھ محرم الحرام میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ یہ رسالہ ام الکتاب سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے تفسیری فوائد قدوۃ المفسرین شاہ عبدالعزیز دہلویؒ سے ماخوذ ہیں اور فقہی لغوی نحوی اور صرفی ابحاث کی نسبت عام لوگوں کے عمومی فائدہ اور رشد وہدایت کو مدنظر رکھا گیا ہے متعدد اقوال کی صورت میں قرآنی کلمات سے قرب حضوراقدس کے ارشادات اور جمہورعلمائے تفسیر کے اختیار فرمودہ اقوال کو ترجیح دی گئی ہے علماء طلباء کے علاوہ جدید تعلیم یافتہ احباب اور معمولی پڑھے لکھے لوگوں کے لئے بھی اس سے فائدہ اٹھانا اور ام الکتاب کے علوم ومعارف سے بہرہ ور ہونا آسان ہوگیا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شاہ عبدالعزیز دہلویؒ اور حافظ اکرام الدین صاحبؒ کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائیں اوراس کے ناشرکو عمرنوح عطا فرمائے کہ ایسے نایاب علمی وتحقیقی کتب کو شائع کرکے منظرعام کو معطر کرتے رہے امین۔ کتاب کے صفحات ۹۶ ہیں اور ناشر القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ ہے۔

● تسہیل المعانی ......مولانا انیس احمد مظاہری

علم معانی وہ عظیم الشان علم ہے جس پر قدیماً وحدیثاً کم اور کیف کے اعتبار سے بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں اور یہ سلسلہ تا ہنوز جاری وساری ہے پہلے متون آئی پھر اسکے متعلق شروحات اور پھر شروحات کے شروحات کام شروع ہوا اور پھر اسکی تسہیلات وغیرہ کا سلسلہ جاری ہوا۔ رفتہ رفتہ اس فن نے اتنی وسعت اختیار کی کہ آج اس فن پر تحریر کی گئی رسائل وکتابیں شمار میں لانا دشوار ہے اور اس سلسلے میں عربی اور فارسی میں بھی زبردست کام ہوا ہے لیکن اردو میں بھی اس پر کافی کام ہوا اور یہ سلسلہ تا حال جاری ہے اور جاری رہے گا اس سلسلہ کی ایک مفید کڑی زیرتبصرہ کتاب ہے حجم کے اعتبار سے تو مختصر ہے لیکن علم معانی' بیان اور بدیع کے تمام اساسی قواعد ومبادایات اصول وضوابط کیساتھ ساتھ اہم قوانین پر مشتمل ہے اگر ہم اس کو تمام علم معانی کا عطر اور نچوڑ کہہ دیں تو بے جا نہ ہوگا۔ یہ گراں بہا مختصر مجموعہ مدرسہ احسان القرآن والعلوم نبویہ لاہور کے نامور محقق وفاضل جناب مولانا انیس احمد مظاہری حفظہ اللہ کی تالیف ہیں حضرت ایک نامور محقق اور مصنف ہیں اس کے علاوہ بھی کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ لیکن حضرت کی یہ کتاب اس قابل ہے کہ مدارس دینیہ عربیہ کے نصاب میں شامل مختصر المعانی اور دروس البلاغہ سے قبل کے درجات نصاب میں شامل کیا جائے تو اس کی پڑھائی سے طلباء اور اساتذہ کو اس دقیق علم کی سمجھ بوجھ میں آسانی ہوگی اور حصول مقصد کیلئے ممد ومعاون بھی ہوگا اور اسی علم وفن سے مناسبت رکھنے والوں کیلئے اس سے استفادہ کرنا لازمی ہے۔

105 صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ حرمین دکان نمبر ۲۳ الحمد مارکیٹ' غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور میں دستیاب ہے۔